احساس ایمرجنسی کیش پروگرام

اہم نکات

- حکومت پاکستان کی جانب سے احساس ایمرجنسی کیش پروگرام ان ضرورت مند افرادکی مالی معاونت کیلیےمرتب کیا گیا ہے جن کے معاشی حالات کرونا وائرس کی وجہ سے بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔

- پروگرام سے ایک کروڑ بیس لاکھ خاندان مستفید ہونگے، 12,000روپے فی خاندان، کل بجٹ 144 ارب روپے.

- مستحق افراد کی نشاندہی کا آغازایس ایم ایس مہم کے ذریعے کیا جائے گا۔ جامع و موثر تشہیری مہم کے ذریعے شہریوں کو مطلع کیا جائے گا کہ وہ8171 پرایس ایم ایس بھیج کر پروگرام میں شامل ہونے کیلیے اپنی اہلیت کو جانچ سکیں ۔

- اہل افراد کو بذریعہSMS رقم وصول کرنے کی اطلاع کر دی جائے گی اور جن افراد کے کوائف کی تصدیق قومی سماجی ومعاشی سروے کے اعداد و شمارسے نہ ہو سکے گی ان کو ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کرنے کو کہا جائے گا۔

- مستحقین کی نشاندہی کے اس تمام عمل میں نادرا کی مدد سے اعداد و شمار و کوائف کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے اور کوئی غیر مستحق شخص پروگرام سے مستفید نہ ہو سکے۔

- احساس ایمرجنسی کیش پروگرام کے تحت کفالت پروگرام کے 45 لاکھ موجودہ صارفین کو ماہانہ 2,000 روپے وظیفے کے ساتھ ساتھ اگلے چار ماہ کیلیے 1,000 روپے کی اضافی رقم دی جائے گی - 75 لاکھ دیگر مستحقین کو 12,000 روپے یک مشت ادا کیے جائیں گے۔

- نادرا اور بینکوں کے تعاون سے تمام ادائیگیاں بائیومیٹرک تصدیق پر مبنی نظام کے ذریعے کی جائیں گی۔ مستحقین نامزد بینکوں کے پوائنٹ آف سیل مراکز سے اپنی رقم وصول کر سکیں گے۔